**01.10.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

..........................................................................

☆ حکومت نے 2025 سے 2031 تک گیارہ ہزار 440 کروڑ روپے کی مالیت کے دالوں میں آتم نربھرتا کے مشن کو منظوری دی ہے۔

☆ اقتصادی امور کی مرکزی کابینہ کمیٹی نے ملک بھر میں 57 نئے کیندریہ وودیالیہ کھولے جانے کی منظوری دی ہے۔ کابینہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کے DA اور پنشن یافتگان کے DR میں 3 فیصد اضافے کی منظوری دی ہے۔

☆ وزارت داخلہ نے بھارت کو قدرتی آفات کی صورت میں مزاحم بنانے کی غرض سے 9 ریاستوں کیلئے چار ہزار 600 کروڑ روپے کی مالیت کے کئی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

☆ اترپردیش میں پچھلے چوبیس گھنٹے میں بجلی گرنے کے واقعے میں کم از کم 11 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ امریکہ میں حکومت بند ہوجانے کے بعد سیاسی تعطل جاری ہے۔ اہم خدمات متاثر ہوئی ہیں اور ہزاروں کارکنوں کی تنخواہیں جاری کیے جانے میں تاخیر ہوئی ہے۔

☆ فلپینز میں چھ اعشاریہ 9 شدت کے زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 69 ہوگئی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بڑے پیمانے پر ہوئی تباہی پر افسوس ظاہر کیا ہے۔

☆ بھارت کے ابھرتے ہوئے بلے باز ابھیشک شرما اور گیند باز ورون چکرورتی نے ICC کی مردوں کی ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی درجہ بندی میں اوّل مقام حاصل کیا ہے۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Cabinet Decisions**

مرکزی کابینہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کے مہنگائی بھتے اور پنشنز یافتگان کے Dearness Relief میں 3 فیصد اضافے کو منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں آج کابینہ کی میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ اِس فیصلے سے تقریباً 49 لاکھ 20 ہزار مرکزی سرکار کے ملازمین اور 68 لاکھ 70 ہزار پنشنز یافتگان فیضیاب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس کا اطلاق اِس برس پہلی جولائی سے ہوگا۔

S/B: Vaishnaw-DA

اقتصادی امور کی مرکزی کابینہ کمیٹی نے ملک بھر میں 57 نئے کیندریہ وودیالیہ کھولے جانے کی بھی منظوری دی ہے، جس پر 5 ہزار 862 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم خرچ ہوگی۔

S/B: Ashwini Vaishnaw-KV

مرکزی کابینہ نے دالوں کے سلسلے میں آتم نربھرتا کے ایک مشن کو منظوری دی ہے، یہ سنگ میل رکھنے والی ایک ایسی اسکیم ہے، جس کا مقصد گھریلو پیداوار کو فروغ دینا اور دالوں کے شعبے میں خود کفالت کو حاصل کرنا ہے۔

S/B: Aswani Vaishnav- Pulses

اقتصادی امور کی مرکزی کابینہ کمیٹی نے مارکیٹنگ سیزن 27-2026 کیلئے ربیع کی تمام متعین شدہ فصلوں کیلئے کم از کم امدادی قیمت MSP میں اضافے کو منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے بتایا کہ حکومت نے ربیع کی فصلوں کیلئے کم از کم امدادی قیمت میں اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے اضافہ کیا ہے تاکہ اِن فصلوں کو اگانے والوں کو اُن کی مناسب اجرت کے مطابق قیمت مل سکے۔ کم از کم امدادی قیمت میں سب سے زیادہ اضافے کا اعلان، 600 روپے فی کوئنٹل زعفران نما، اِس کے بعد 300 روپے فی کوئنٹل مسور کی دال میں اضافے کا اعلان کیا گیا ہے۔ کمیٹی نے آسام میں قومی شاہراہ نمبر 715 کے کالی بور-نمالی گڑھ سیکشن کے چار لائنوں والی موجودہ شاہراہ کو مزید وسعت دینے اور بہتر بنانے کو بھی منظوری دی ہے۔ یہ پروجیکٹ، انجینئرنگ، حصولیابی اور تعمیر، EPC کے طریقۂ کار پر وضع کیا گیا ہے، جس کے تحت تقریباً 85 کلو میٹر طویل راستے کی توسیع عمل میں آئے گی اور جس پر تقریباً 6 ہزار 957 کروڑ روپے کی لاگت لگے گی۔ x

**PM Cabinet Decesions**

دالوں میں آتم نربھرتا کے مشن کو حکومت کی جانب سے منظور کیے جانے کے بارے میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ اِس تاریخی اسکیم سے نہ صرف دالوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ یہ اسکیم، خود کفیل ہونے کی حصولیابی کی جانب حکومت کے عزم کو مستحکم کرے گی۔ جناب مودی نے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں کہا کہ حکومت، ملک بھر کے کسانوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھ رہی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے معیاری

تعلیم تک رسائی کو وسعت دینے کے سلسلے میں 57 نئے کیندریہ وودیالوں کے قیام کو سنگ میل کی حیثیت رکھنے والا ایک قدم قرار دیا۔ x

## Home Minstry

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی نے تخفیف کیے جانے، بحال کیے جانے اور تعمیرِ نو کے کئی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے، جس پر تقریبا چار ہزار 645 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ اِس سے 9 ریاستوں آسام، کیرالہ، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، راجستھان، اترپردیش، بہار، چھتیس گڑھ اور آندھرا پردیش کو فائدہ حاصل ہوگا۔ مرکزی وزارت داخلہ نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے قدرتی آفت کی صورت میں مزاحم بھارت کے خواب کو پورا کرنے کی غرض سے وزارت، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے۔ کمیٹی نے آسام کیلئے 692 کروڑ روپے کے بجٹ کے ساتھ دلدلی زمین سے متعلق منصوبے کی بحالی اور تعمیرِ نو کی منظوری دی ہے۔

اِس پروجیکٹ پر عمل آوری سے دلدلی زمین کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا، سیلاب کے پانی کو ذخیرہ کیا جاسکے گا، سیلاب کی صورت میں مزاحمت کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا، اِس سے آبی ماحول کا تحفظ ممکن ہوگا نیز ماہی گیری کے بہتر بنیادی ڈھانچے کے ذریعے اقتصادی ترقی میں تعاون ملے گا۔ اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے گیارہ شہروں کیلئے شہروں میں سیلاب کے خطرے کی صورت میں بندوبست کے پروگرام کے دوسرے مرحلے کو بھی منظوری دی ہے۔ اس کے تحت بھوپال، بھونیشور، گواہاٹی، جے پور، کانپور، پٹنہ، رائے پور، تریویندرم، وشاکھاپٹنم، اندور اور لکھنؤ شامل کیے گئے ہیں، جس پر 2 ہزار 444 کروڑ روپے سے زیادہ کے مجموعی بجٹ کو منظوری دی گئی ہے، جس کیلئے فنڈ، قومی آفت کی تخفیف سے متعلق فنڈز سے جاری کیا جائے گا۔

وزیر خزانہ، وزیر زراعت اور نیتی آیوگ کے نائب سربراہ پر مشتمل کمیٹی نے ریاستوں کو مالی تعاون فراہم کرنے کی تجویز پر غور کیا۔ x

## GST HANDMADE ITEMS

وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اعلان کردہ جی ایس ٹی بچت اتسو، جو گزشتہ ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوا ہے، سماج کے تمام طبقوں کو فائدہ پہنچارہا ہے۔ اگلے دور کی جی ایس ٹی اصلاحات بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم ہیں۔ ان اصلاحات کے تحت مختلف اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرح میں کمی کی گئی ہے، جس سے عوام کو خاطر خواہ راحت ملی ہے۔ آج ہم ہاتھ سے بنی مصنوعات پر جی ایس ٹی میں کمی سے متعلق تذکرہ کریں گے۔ پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C ARZOO

اگلے دور کی جی ایس ٹی اصلاحات کے تحت حکومت نے ہاتھ سے بنی مصنوعات پر ٹیکس میں نمایاں کمی کی ہے، جس سے صارفین اور ہنر مند افراد، دونوں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔ ہاتھ سے بنے کپاس اور جوٹ کے تھیلے، لفافے اور زیورات کے ڈبے پر جی ایس ٹی شرح 12 فیصد سے گھٹا کر پانچ فیصد کر دی گئی ہے۔ اسی طرح ہاتھ سے کڑھائی کیے ہوئے شال، ہاتھ سے بُنی ہوئی ٹوپیاں اور کپڑے سے بنے Caps پر ٹیکس کی شرح کو پانچ فیصد تک کم کر دیا گیا ہے۔ ٹیکس میں اس کمی سے نہ صرف دست کاری مصنوعات سستی ہوں گی بلکہ مانگ میں اضافہ، برآمدات میں فروغ اور ہنر مندوں کو براہِ راست فائدہ ہوگا۔

اس اقدام کا مقصد دیہی روزگار کو مضبوط کرنا، قدیم ہنر اور ثقافتی ورثے کا تحفظ کرنا اور ان روایتی و ثقافتی اہمت کی حامل اشیاء کو عام صارف کے لئے مزید قابلِ استطاعت بنانا ہے۔ x

**Rajnath Defence**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے GST شرحوں کو منطقی بنائے جانے سے دفاعی شعبے میں دفاعی ساز و سامان کی حصولیابی پر براہ راست اثر پڑے گا۔ انہوں نے شرحوں کو منطقی بنائے جانے کے عمل کو یہ کہہ کر ایک ترقی پسندانہ قدم قرار دیا کہ GST شرحوں میں کمی کی وجہ سے زیادہ حصولیابی ممکن ہوسکے گی۔ وزیر موصوف نئی دلّی میں آج دفاعی کھاتوں کے شعبے کے دن 2025 سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے ملک میں اختراعاتی نظام تشکیل دیئے جانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ دفاعی شعبے میں تحقیق اور ترقی پر مبنی ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی بجٹ کا نگراں سرپرست اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ، تحقیق و ترقی کی سہولت میں رہنمائی عطا کرنے کی غرض سے ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔

S/B: Rajnath Singh-31 sec

**PM RSS**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ راشٹریہ سوئم سیوک سَنگھ RSS اپنے آغاز کے وقت سے ہی حب الوطنی اور خدمات کے مترادف رہے ہیں۔ نئی دلّی میں آج RSS کی صد سالہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اُس زمانے کا ذکر کیا، جب بٹوارے کے درد بھرے دور کے دوران لاکھوں خاندان، بے گھر ہوگئے تو سوئم سیوک، بے گھر ہوکر آئے ہوئے لوگوں کی خدمت کیلئے اپنے محدود وسائل کے ساتھ اگلی صفوں میں کھڑے ہوگئے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ صرف راحتی کام نہیں تھا، بلکہ یہ ملک کی روح کو مستحکم کرنے کا ایک عمل بھی تھا۔

وزیر اعظم نے اِس بات پر زور دیا کہ اپنے 100 سالہ سفر کے دوران RSS کی انتہائی اہم خدمات میں سے ایک خدمت، معاشرے کے متنوع طبقات میں اپنی ذات سے متعلق بیداری اور سرشاری کے جذبے کو اجاگر کرنا تھا۔

S/B: Modi- Self Pride

## UP LIGHTINING DEATHS

اترپردیش میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران بجلی گرنے کے واقعات میں کم از کم 11 لوگوں کی موت ہو گئی۔ بڑے پیمانے پر ہو رہی بارش سے دھان اور آلو کی کھیتی کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

لکھنؤ کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ فتح پور ضلعے کی مختلف تحصیلوں میں 7 لوگ ہلاک ہو گئے جن میں ایک باپ اور بیٹا بھی شامل ہیں۔ یہ سبھی لوگ موصلادھار بارش کے دوران پیڑوں کے نیچے پناہ لیے ہوئے تھے کہ اسی دوران بجلی گر پڑی۔ کنوج ضلع میں بجلی گرنے سے تین جبکہ شروستی میں ایک شخص کی موت ہو گئی ہے۔ اترپردیش کے مختلف حصوں میں گزشتہ 24 گھنٹے سے ہو رہی بارش سے معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے۔x

## Philippines Quake

وسطی فلپنس میں آئے زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 69 ہوگئی ہے۔ فلپنس کے سول ڈیفنس دفتر کے مطابق، انتظامیہ لاپتہ افراد کی پہچان کے کام میں لگی ہوئی ہے اور لوگوں کے ملبے میں پھنسے ہونے کی خبریں موصول ہورہی ہیں۔

فلپنس کے وسطی Visayas خطے کے ساحلی شہر Cebu میں گزشتہ رات 6 اعشاریہ 9 شدت کے طاقتور زلزلے میں 150 سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے تھے۔ اِس دوران وزیرِ اعظم نریندر مودی نے فلپنس میں آئے زلزلے کے دوران زندگیوں کے اتلاف اور بڑے پیمانے پر ہوئے نقصان پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اُن کی دعائیں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ وزیرِ اعظم نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کا اظہار کیا اور کہا کہ مشکل کی اِس گھڑی میں بھارت، فلپنس کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔x

## Pakistan Protest

پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں و کشمیر، وسیع پیمانے پر پھیلی ہوئی بے چینی کی گرفت میں ہے۔ بنیادی حقوق کے مطالبے کے تحت تمام اہم اضلاع میں پُرتشدد احتجاج اور وسیع پیمانے پر مظاہرے پھوٹ پڑنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ راول کوٹ اور میر پور کے مظاہرین، جموں و کشمیر عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے تحریک پاکر، کوٹلی کے دَدیال پہنچ گئے، باوجو اِس کے کہ سکیورٹی فورسز نے اُن کے راستوں میں رکاوٹیں پیدا کرکے اُنہیں روکنے کی کوشش کی۔ مظفر آباد میں لال چوک پر اُس وقت کشیدگی عروج پر پہنچ گئی، جب پولیس نے احتجاج کرنے والوں پر گولیاں چلائیں، جس کے نتیجے میں دو افراد ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔ احتجاج کرنے والوں نے اپنا مارچ جاری رکھا۔ وہ موبائل خدمات کی بحالی کا مطالبہ کر رہے ہیں اور مواصلاتی ٹاوروں کو نقصان پہنچانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ x

## RBI Monitory Policy

بھارت کے ریزرو بینک RBI نے جاری سہ ماہی کیلئے مجموعی گھریلو پیداوار، GDP کی شرح نمو پر نظرِ ثانی کرتے ہوئے، اِسے 6 اعشاریہ آٹھ فیصد کردیا ہے۔ RBI نے جاری مالی سال کیلئے افراطِ زر کے اندازے کو اپنے پہلے کے اندازے سے گھٹاتے ہوئے، 2 اعشاریہ چھ فیصد کردیا ہے۔ تاہم RBI نے شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ اس دوران شیئر بازار نے RBI کی پالیسی کے اعلان پر مثبت ردِعمل ظاہر کیا ہے۔سینسیکس میں 716 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 80 ہزار 983 پر بند ہوا، جبکہ نفٹی، 225 کے اضافے کے ساتھ 24 ہزار 836 پر بند ہوا۔ x

## India - EFTA TEPA

بھارت - یوروپی یونین آزادانہ تجارتی انجمن، EFTA اور تجارت اور اقتصادی ساجھیداری معاہدہ، TEPA آج سے نافذ ہوگیا ہے۔ اِس معاہدے پر نئی دلّی میں گذشتہ سال 10 مارچ کو دستخط کئے گئے تھے۔ TEPA، چار ترقی یافتہ یوروپی ملکوں، آئس لینڈ ، Liechtenstein، ناروے اور سوئٹزرلینڈ کے ساتھ بھارت کا پہلا آزادانہ تجارتی معاہدہ ہے۔ x

## Prez Gandhi Jayanti

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو، اُن کے 156 ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ گاندھی جینتی کی ماقبل شام اپنے پیغام میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ یہ بابائے قوم کے نظریات اور اقدار کیلئے خود کو وقف کرنے کا موقع ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے امن، تحمّل اور سچائی کا پیغام دیا، جو پوری انسانیت کیلئے ترغیب ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ مہاتما گاندھی نے اپنی زندگی، چھوت چھات، ناخواندگی، بری عادتوں اور سماجی برائیوں کو ختم کرنے میں وقف کردی اور سماج کے کمزور طبقوں کی مدد کی اور انہیں استحکام بخشا۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے چرخے کے ذریعے خود انحصاری کا پیغام دیا، جس کا مقصد خود انحصار، خود کفیل اور تعلیم یافتہ بھارت بنانا ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ سچائی اور عدم تشدد کے راستے پر چلنے کا عزم کریں اور ملک کی ترقی اور بہبود کیلئے عہد بستہ رہیں۔ x

## Prez Vijaydhashmi

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے قوم کو وجے دشمی کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک پیغام میں صدر جمہوریہ نے امید ظاہر کی ہے یہ تہوار ہر ایک فرد کو ایک ایسے ملک و سماج کی تعمیر پر ابھارے گا جہاں تمام افراد کو ساتھ آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے اور وہ انصاف، برابری اور بھائی چارے کے جذبے سے سرشار ہوں گے۔x

## ICC Ranking

بھارت کے بائیں بازو کے سلامی بلے باز ابھیشک شرما نے ICC مردوں کی ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی بلے بازی

کی درجہ بندی میں اب تک کی سب سے اونچی درجہ بندی حاصل کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ حال ہی میں ختم ہوئے ایشیا کپ میں سری لنکا کے خلاف بھارت کی جیت میں اپنی شاندار نصف سنچری کے بعد 25 برس کے ابھیشک شرما نے 931 پوائنٹس حاصل کیے اور ڈیوڈ ملن کا 2020 کا 919 پوائنٹس کا ریکارڈ توڑ دیا۔

گیند بازوں نے بھارت کے ورون چکرورتی نے اپنا اعلیٰ مقام برقرار رکھا ہے، جبکہ کلدیپ یادو، شاہین آفریدی اور راشد حسین نے خاطر خواہ کامیابی حاصل کی ہے۔ x

**ISSF Gold**

مکیش نیلاوَلّی نے مردوں کے 25 میٹر کے پسٹل مقابلے میں سونے کا ، جبکہ خواتین کے زمرے میں تیجسونی سنگھ نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ اِس طرح بھارت نئی دلّی میں ISSF جونیئر عالمی کپ میں تمغوں کی فہرست میں سب سے اعلیٰ مقام پر ہے۔ x

**Seva Parv - Support Beyond Borders**

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سُساشن یعنی عوامی خدمات اور اچھی حکمرانی کے منتر کی روشنی میں یکسر تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کرتی رہی ہے۔ خصوصی سیریز 'سیوا پروٗ میں مودی حکومت کی جانب سے سرحد پار امداد کا ہاتھ بڑھانے کی بات جائے گی، جس نے عالمی بحران کے دوران بھارت کو ایک بااعتماد دوست اور سب سے پہلے آگے آنے والا ملک بنا دیا ہے۔

Capsule

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت، سرحد پار بحرانوں میں سب سے پہلے آگے بڑھ کر مدد کرنے والا ملک رہا ہے۔ گذشتہ پانچ سال کے دوران بھارت نے 150 سے زیادہ ممالک کو قدرتی آفات کے دوران انسانی بنیادوں پر امداد فراہم کی ہے۔ نائیجیریا میں ایک کمیونٹی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے آفات کے دوران سب سے پہلے مدد کا ہاتھ بڑھانے میں بھارت کے رول کا ذکر کیا۔

SB - Modi

کورونا وائرس کی وباء کے دوران بھارت نے ویکسین میتری پہل کی شروعات کی، جو اِس کی انسانیت پر مرکوز سفارت کاری کی عکاسی کرتی ہے۔

یوکرین میں آپریشن گنگا سے لے کر سوڈان میں آپریشن کاویری اور اسرائیل میں آپریشن اجئے تک بھارت، نہ صرف اپنے شہریوں کیلئے بلکہ غیرملکیوں کیلئے بھی مددگار ثابت ہوا ہے۔ آپریشن سندھو کے تحت حال ہی میں ایران سے بحفاظت نکالے گئے شخص نے کہا کہ پیچیدہ صورتحال کے باوجود اُسے حکومت پر پورا بھروسہ تھا۔

SB - Evacuee

چاہے سفارتکاری ہو یا انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد، بھارت نے نیا بیانیہ ترتیب دیا ہے۔ مشکل کے دوران بھارت، ایک عالمی دوست ''وشو بندھو'' کے طور پر ابھرا ہے۔ x

☆☆☆☆